BRAMPTON Service and Information Update

14 فروری 2023

# شادی کے لائسنس کی درخواستیں اب آن لائن طور پر بھی قابل رسائی ہیں

برامپٹن، آن – شادی کے لائسنس کی درخواستیں اب سٹی آف برامپٹن میں 24/7 آن لائن طور پر دستیاب ہیں۔
رہائشی اب شادی کے لائسنسوں کے ڈیجیٹل پورٹل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سے پہلے، سٹی آف برامپٹن، سٹی ہال میں ذاتی طور پر صرف کاغذ پر مبنی درخواستیں قبول کیا کرتا تھا۔

شادی کے لائسنس کی آن لائن درخواست مکمل کرنے کی صورت میں درخواست دہندہ کو ایک ریفرینس نمبر ملے گا، جو شادی کا لائسنس لینے کے لیے سٹی ہال میں آنے کے وقت درکار ہوتا ہے۔

شادی کے نئے لائسنس کی درخواست کے پورٹل تک رسائی کے لیے www.brampton.ca/marriageservices ملاحظہ کریں۔

**شادی کے لائسنسوں کے بارے میں**

شادی کے لائسنس، جاری ہونے کی تاریخ سے تین ماہ بعد تک کے لیے اونٹاریو میں کہیں بھی کارآمد ہوتے ہیں اور یہ صوبے کی زیادہ تر میونسپلٹیز سے دستیاب ہیں۔

اونٹاریو میں شادی کرنے والے افراد کو شادی سے پہلے شادی کا لائسنس لازمی طور پر حاصل کرنا ہوتا ہے۔ شادی کی تقریب منعقد ہو جانے کے بعد لائسنس جاری نہیں کیا جا سکتا۔

**سِول میرج کی تقریبات**

سول میرج کی تقریبات برامپٹن سٹی ہال میں ہر منگل سے جمعہ تک، دفتری اوقات کے دوران بدستور منعقد ہوتی رہیں گی۔

2022 میں سِول میرج کی 1,300 تقریبات منعقد کی گئیں۔ 2016 کے بعد سے اب تک، عملے نے 3,000 سے زیادہ تقاریب منعقد کی ہیں۔

سٹی آف برامپٹن کی سول تقریبات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **یہاں کلک کریں**۔

-30--

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca